نے ایک انتہا پسند خاتون کو گرفتار کرنے کا حکم صادر کیا۔ مذکورہ خاتون قدس کی رہنے والی ہے۔ اس کا نام سو سکینڈ عمر ۲۶ سال ہے۔ اس جرم کے علاوہ اس پرچار اور مزید جرموں کے کیس چل رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق توقع ہے کہ اس کو ان جرموں کے بدلے ۲۶ سال کی سزائے قید دی جاتی ہے۔ سو سکینڈ اصلاً روس کی رہنے والی ہے۔ ۱۹۹۱ء میں اسرائیل منتقل ہوئی، پوچھ گچھ کے دوران اس نے تصویروں کے بتانے کی ذمہ داری تو قبول کی مگر اس کی تقسیم سے انکار کردیا۔ اس ضمن میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ تل ابیب کی ایک عدالت نے دہشت گرد یہودی "افیدودن سکین" کی مدت سزا کی توسیع کا فیصلہ صادر کیا جس کو ایک ہفتہ پہلے مسجد اقصیٰ کے میدان میں خنزیر کا سر ڈالنے کے جرم میں گرفتار کیا گیا تھا۔

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی کو صدمہ

دارالعلوم حقانیہ کے مدرس مولانا محمد ابراہیم فانی کے ماموں مولانا عبدالوحید قاسمی مرحوم فاضل دیوبند کے برادر خورد جناب عبدالرشید صاحب گذشتہ دنوں بقضائے الہیٰ انتقال کرگئے۔ مرحوم انتہائی نیک سیرت، ملنسار، صابر وقانع کم گو اور خاموش طبیعت کے مالک تھے۔ دارالعلوم میں آپ کی روح کو ایصال ثواب کیلئے ختم قرآن کیا گیا اور آپ کیلئے دعائے مغفرت کی گئی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں ارفع واعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ادارہ فانی صاحب اور مرحوم کے پسماندگان کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔ اور قارئین "الحق" سے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کا متمنی ہے۔ (ادارہ)

دروس الکافیہ

پشتو شرح کافیہ ابن حاجبؒ

افادات:-

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی مدرس دارالعلوم حقانیہ

ناشر:- مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ